10جولائی 2017ء

مالی سال 17ء کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 19.3ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 17ء کے دوران (جولائی تا جون) میں 19303.58 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 19916.76 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جون 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1839.96 ملین ڈالر تھی جو کہ مئی 2017ء کے مقابلے میں 1.46 فیصد کم، اور جون 2016ء کے مقابلے میں 11.24 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک جون 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 438.07 ملین ڈالر، 414.22 ملین ڈالر، 265.37 ملین ڈالر، 252.46 ملین ڈالر، 232.89 ملین ڈالر، اور 56.97 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جون 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 582.84 ملین ڈالر، 434.90 ملین ڈالر، 274.10 ملین ڈالر، 309.27 ملین ڈالر، 232.27 ملین ڈالر اور 50.33 ملین ڈالر تھیں۔ جون 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 179.98 ملین ڈالر رہیں جبکہ جون 2016ء میں ان ملکوں سے 189.37 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆